© rasailojaraid.com



پردے تار تار ہو کر وہ روشنی نظر آسکتی ہے جس کا منبع کتاب اللہ اور حدیث رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو صراطِ مستقیم کی ہدایت دے۔ آمین!

---

نام کتاب . . . پیغامِ جیلانی

مصنف . . . مولانا محمد اشرف سندھو

ضخامت . . . ۱۸۵ صفحات سائز ۲۰ × ۲۶ / ۸

قیمت . . . دس روپے

ملنے کا پتہ . . . دارالاشاعت اشرفیہ سندھو بلو کی ضلع قصور

مصنف نے یہ کتاب اس نظریہ کے تحت لکھی ہے کہ مسلمانوں کی بہت بڑی اکثریت چونکہ شاہ جی کی عقیدت و محبت کا دم بھرتی اور ان سے نسبت اور تعلق کو اپنے لئے باعثِ فخر خیال کرتی ہے۔ لہٰذا ان کے مذہب و مسلک کا خلاصہ عوام کے سامنے مستقل طور پر پیش کیا جائے کہ ممکن ہے، عقیدت کا رنگ عملی صورت اختیار کر جائے اور مسلمان شاہ جیلانیؒ کی تعلیمات کی روشنی میں پھر سے کتاب و سنت کا دامن تھام کر دینوی و اخروی زندگی میں فوز و فلاح اور کامرانی سے ہمکنار ہو سکیں۔

یہ عجیب بات ہے کہ جو لوگ شاہ جیلانی کی عقیدت کا دم بھرتے، ہر ماہ ان کے نام کی گیارھویں پکاتے اور ان سے ایک گونہ تعلق کے دعویدار ہیں، وہی لوگ ان کی تعلیمات سے اس قدر دور اور نا آشنا ہیں کہ حیرت ہوتی ہے — اور جن لوگوں کو ان کا منکر خیال کر کے مطعون کیا جاتا ہے، ان کا طرزِ فکر و عمل بالکل وہی ہے جو شاہ جیلانیؒ کا تھا اور جس کی بنیاد قرآن و سنت ہیں —— پیغامِ جیلانی اس اجمال کی خوبصورت تفصیل بھی ہے۔

---

نام کتاب . . . گلدستۂ طب و صحت (حصہ دوم)

مؤلف . . . زبدۃ الحکماء حکیم نور احمد صاحب (تمغہ یافتہ)

ضخامت . . . ۲۷۵ صفحات، سائز ۱۸ × ۲۲ / ۸

قیمت . . . دس روپے

ملنے کا پتہ . . . مکتبہ نور الصحت، عبدالکریم روڈ، قلعہ شاہ فیصل لاہور

زبدۃ الحکماء حکیم نور احمد صاحب نے جو طبی کمیٹی لاہور کے صدر ہیں اور جو کافی عرصہ تک اپنے خ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مجربات اور جڑی بوٹیوں وغیرہ پر اپنے تجربات کا نچوڑ رسائل واخبارات میں شائع کرتے رہتے ہیں ہیں یہ کتاب اس جذبہ کے تحت لکھی ہے کہ پاکستان جیسا غریب ملک اگر اپنے درختوں، پھلوں، پھولوں، سبزیوں اور گھاس پھوس سے مفت علاج کر کے اپنے گاڑھے پسینے کی کمائی دوسری اہم ملکی ضروریات پر خرچ کرے تو نہ صرف اس کی خوشحالی میں اضافہ ہو سکتا ہے بلکہ ملّی صحت پر بھی اس کے خوشگوار اثرات مرتب ہو سکتے ہیں —— کتاب کیا ہے گویا طب کے بہت سے مخفی خزانوں کو عوام کے سامنے بے نقاب کر کے رکھ دیا گیا ہے —— اس سے قبل اسی کتاب کا حصہ اول شائع ہو کر قبولِ عام کا درجہ حاصل کر چکا ہے۔

ایک سو سے زیادہ، مفید پھلوں، پھولوں اور جڑی بوٹیوں کے غذائی اور شفائی اجزاء کے ذکر اور موسم کے مطابق مختلف بیماریوں کے آسان گھریلو علاج کے طریقوں پر مشتمل یہ کتاب، طب و صحت کے سلسلہ میں حکیم صاحب کی دوسری خدمات کے علاوہ بلاشبہ ایک بہت بڑی خدمت ہے اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے!

---

## سپاسِ تعزیت

مدیر الاسلام، مولانا البشیر احمد انصاری کی والدہ محترمہ بروز سوموار مورخہ ۲۲ مئی ۱۹۷۸ء بوقت آٹھ بجے شب انتقال فرما گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون!

مرحومہ نہایت متدینہ، عابدہ وزاہدہ، شب زندہ دار، سلفی العقیدہ خاتون تھیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ ان کی مغفرت، بلندئ درجات اور پس ماندگان کیلئے صبرِ جمیل کی، اللہ رب العزت سے بحضورِ قلب دعا فرمائیں!

(ادارہ)

© rasailojaraid.com